نائب صدر وفاق المدارس پاکستان کے اسفار

مولانا بلال الحق حقانی زید مجدہم

شیخ الحدیث حضرت مولانا انوار الحق مدظلہ العالی نائب صدر وفاق المدارس العربیہ پاکستان نے گذشتہ دنوں اپنی گوناگوں مصروفیات، اسباق اور پیرانہ سالی کے باوجود ملک بھر کے کئی دینی اجتماعات وتقریبات ختم بخاری میں شرکت فرمائی۔ اور اپنے تفصیلی خطابات میں مدارس و وفاق المدارس العربیہ کی ضرورت واہمیت بڑے عام فہم انداز میں بیان فرمائی۔ اس ضمن میں وفاق المدارس کے نظام تعلیم وتعلم کو اجاگر فرماتے ہوتے اس نظام پر ہونے والے مختلف اعتراضات کے جوابات اور افادیت کو انتہائی محققانہ و مدققانہ انداز میں واضح فرمایا اور موجود حالات کے تناظر میں حکمران وقت سے وقتاً فوقتاً ہونے والے مذاکرات کا تذکرہ بھی فرمایا۔

14، اپریل بروز ہفتہ وفاق المدارس العربیہ کے سالانہ امتحانات شروع ہوئے۔ شیخ الحدیث مدظلہ نے کئی اضلاع کے امتحانی سینٹروں کا دورہ کیا اور نظام امتحان کی نگرانی فرمائی۔

پہلے دن جامعہ ابو ہریرہ خالق آباد نوشہرہ کے امتحانی سینٹر تشریف لے گئے، پہلا پرچہ بڑے اطمینان وسکون سے جاری تھا نگران اعلیٰ کو مزید نظم ونسق کی ہدایت فرمائی اور بنات کے سینٹر سے بھی فائل منگوا کر رپورٹ درج فرمائی۔

اس کے بعد جامعہ ترتیل القرآن نوشہرہ تشریف لے گئے۔ نوشہرہ صدر کے وسط میں جامعہ حقانیہ کے بعد بڑا امتحانی سینٹر ہے جس میں ۲۲ مدارس کے ۳۷۹ طلبہ امتحان دے رہے ہیں۔ امتحانی عملہ اور خصوصاً نگران اعلیٰ بڑی چستی کے ساتھ نگرانی میں مصروف تھے۔

بعدازاں ضلع مردان کے چند مدارس کا دورہ کیا جن میں سرفہرست جامعہ دار العلوم اصحاب الصفہ مردان ہے۔ اس سینٹر میں ۲۵ مدارس کے ۲۷۱ طلبہ کرام امتحان دے رہے تھے۔ رپورٹ درج کرنے کے بعد مردان شہر کا رخ فرمایا [illegible] گنجان آباد علاقہ میں مدرسہ بحر العلوم مردان کے امتحانی سینٹر کا معائنہ فرمایا۔ سینٹر کا نظم ونسق مثالی تھا، [illegible] کے بعد جامعہ عربیہ کاشف العلوم پار ہوتی مردان کا دورہ فرمایا، یہاں سینٹر میں ۱۷، مدارس کے طلبہ

امتحان دے رہے تھے۔ چونکہ وقت ختم ہونے کو تھا اس لیے واپسی کا سفر اختیار کیا۔

15، اپریل بروز اتوار: جامعہ دارالعلوم اسلامیہ اضاخیل بالا نوشہرہ کے امتحانی سینٹر کا معائنہ کیا جہاں گردونواح کے 33 مدارس کے 351 طلبہ امتحان میں مصرف تھے۔ اس سینٹر میں دراسات کے عمر رسیدہ طلبہ ہال میں وقار کا باعث تھے جنہیں دیکھ کا اصحاب صفہ کی یاد تازہ ہوتی تھی۔ اس کے بعد ضلع پشاور کے مدارس کی طرف تشریف لے گئے۔ ان سینٹروں میں جامعہ احسن المدارس گڑھی رشیدہ جھگڑا، جامعہ علوم القرآن والسنۃ پشاور، جامعہ مرکزی دارالقراء، جامعہ اشرفیہ، جامعہ اسلامیہ، دارالعلوم سرحد، جامعہ مدینۃ العلوم خیبر بازار، کے امتحانی سینٹروں کا معائنہ فرمایا، مگر R.B.T کی تعمیر کی وجہ سے پشاور میں سفر کرنا بھی ''کارے دارد''

واپسی پر جامعہ دارالمحصنات للبنات کے امتحانی سینٹر کو بھی دیکھنے کا موقع ملا۔ نیا سینٹر بنایا گیا تھا مگر جگہ بہت مناسب اور گردونواح کے مدارس کے لیے سہولت کا باعث ہے۔

16، اپریل بروز پیر: ضلع چارسدہ کے چند سینٹروں کا دورہ فرمایا، جن میں جامعہ دارالعلوم اسلامیہ چارسدہ، دارالعلوم حاجی صاحب محلّہ پیران ترنگزئی، جامعہ دارالادب کلاڈھیر مردان روڈ چارسدہ، جامعہ دارالعلوم نعمانیہ اتمان زئی، جامعہ حسن بن علی جامع مسجد سلیم شوگر ملز چارسدہ، جامعہ حفظ القرآن بھوسہ خیل، جامعہ تدریس القرآن مندنی چارسدہ کے امتحانی سینٹروں کا معائنہ فرمایا سینٹروں میں طلبہ تسلی بخش انداز میں مصرف عمل تھے۔ ان سینٹروں میں بعض ضلعی انتظامیہ کے عہدے داروں نے بھی دورہ کر کے انتہائی متاثر کن تأثرات فائل میں قلمبند کیے تھے جن کو دیکھ کر وفاق المدارس کے اکابرین کے اخلاص اور محنتوں کے پھل نمایاں نظر آرہے تھے، اللھم زد فزد

17، اپریل بروز منگل: ضلع پشاور کے چند سینٹروں کا دورہ فرمایا جن میں جامعہ امداد العلوم الاسلامیہ پشاور، جامعہ تعلیم القرآن باڑہ گیٹ، جامعہ دارالفرقان الکریم حیات آباد پشاور، جامعہ بحر العلوم ناصر باغ پشاور، جامعہ فاروقیہ حیات آباد پشاور شامل ہیں، ان سینٹروں کا معائنہ فرما کر رپورٹیں درج فرمائیں۔

18، اپریل بروز بدھ: شیخ الحدیث حضرت مولانا انوار الحق مدظلہ ضلع صوابی تشریف لے گئے، جہاں 19 امتحانی سینٹروں کا معائنہ فرمایا۔ جن میں جامعہ مجددیہ، جامعہ تعلیم القرآن، جامعہ دارالقرآن، جامعہ رشیدیہ، جامعہ دارالنجاح، جامعہ محمودیہ، جامعہ معہد الصدیق، جامعہ رحمانیہ اور جامعہ سلمان فارسی کے امتحانی سینٹروں کا دورہ فرمایا، اس دورہ میں ضلع صوابی کے مسؤل مولانا محمد نصیر مدظلہ بھی ہمراہ تھے۔